سوال

(166) کیا قبر میں عذاب جسم کو ہوتا ہے؟ حالانکہ روح عالم برزخ میں (علیین یا سجّین میں) ہوتی ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عذابِ قبر کی کیفیت کیسی ہوتی ہے حالانکہ روح تو علیین یا سجّین میں ہوتی ہے اور جسم قبر میں ہوتا ہے کیا عذابِ قبر ایک نئے برزخی جسم کے ساتھ آسمان پر نہیں ہوتا؟ جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے معراج کی رات کچھ لوگوں کو عذاب میں مبتلا دیکھا تھا۔ حالانکہ قیامت سے پہلے تو عذاب نہیں ہوسکتا اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ غزوۂ بدر کے شہیدوں کی روحوں کو سبز رنگ کے پرندوں کے جسم میں منتقل کردیا گیا ہے اور وہ جنت میں اڑتے پھرتے ہیں۔ جواب تفصیل سے دیجیے۔ (خالد مصطفیٰ ایس ایس ٹی گورنمنٹ تعلیم ہائی سکول حاصلانوالہ تحصیل پھالیہ ضلع گجرات) (۴۔ستمبر ۱۹۹۲ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

قبر میں جزاء سزا برزخی معاملہ برحق ہے لیکن انسانی عقول حقیقت کے ادراک سے قاصر ہیں اس پر ایمان لانا واجب ہے اور انکار کرنا الحاد ہے۔ اس موضوع پر میرے قلم سے تفصیلی فتویٰ الاعتصام ۱۹۹۱ئ، جلد: ۴۳، شمارہ: ۳۴) میں شائع ہوچکا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3، کتاب الجنائز: صفحہ:194

محدث فتویٰ